© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مکتب تعلیم القرآن الکریم فاؤنڈیشن

از: مکتب تعلیم القرآن الکریم (بیت العلم ٹرسٹ)
زیر سرپرستی حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم

## محترم جناب ذمہ داران و مہتممین مدارس

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خط کا مقصد: (۱) شعبان ورمضان اور شوال کی چھٹیوں میں خاص طور پر تجوید کورس کا انعقاد۔
(۲) بڑی عمر کے لوگوں کے لیے تصحیح قرآن کریم کے حلقے۔

امید ہے کہ آں جناب بخیر وعافیت ہوں گے، دین عالی متین کی محنت میں شب و روز کوشاں و ساعی ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آں جناب کی جملہ مساعی جمیلہ قبول فرمائے اور مزید ترقی نصیب فرمائے۔ آمین

الحمد للہ! ادارہ مکتب تعلیم القرآن الکریم صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم و دیگر اکابرین کی سرپرستی میں اس بات کی محنت، فکر اور کوشش کر رہا ہے کہ ہر علاقے / محلے اور گھر گھر مسلمان بچے / بچیوں کو ناظرہ قرآن کریم تجوید کے ساتھ پڑھایا جائے اور دین کا بنیادی علم (جس کا سیکھنا ضروری اور فرض عین ہے) سکھانے کا اہتمام کیا جائے۔

الحمد للہ! احباب مکتب تعلیم القرآن الکریم اس سلسلے میں پاکستان بھر کے کئی ناظرہ قرآن کریم کے مکاتب میں گئے اور یہ بات سامنے آئی کہ ناظرہ قرآن کریم پڑھانے والے اساتذہ کرام کو خصوصی طور پر تجوید کورس کرایا جائے جس میں انہیں فن تجوید اور بچوں کو تجوید کے ساتھ پڑھانے کا طریقہ کار بتایا اور سکھایا جائے تو اس سے ان شاء اللہ تعالیٰ مکاتب کے اساتذہ کرام اور معلمات کی صلاحیتوں میں مزید ترقی اور نکھار پیدا ہوگا، بچوں پر درست انداز میں محنت ہو سکے گی اور بچے بچپن ہی سے قواعد تجوید کی رعایت رکھ کر تلاوت سیکھیں گے۔

تجرباتی طور پر قاری عبد الرشید صاحب استاذ جامعہ دار العلوم کراچی کے صاحب زادے قاری ابراہیم صاحب اور قاری تسلیم غوری صاحب نے مختلف علاقوں میں تجوید کورس کرائے جس کے یہ فوائد سامنے آئے:

(۱) اساتذہ کرام کی تجوید میں بہتری آئی۔
(۲) اساتذہ کرام نے بچوں کو قرآن کریم تجوید کے ساتھ پڑھانے کا طریقہ کار سیکھا۔
(۳) بچوں کی تجوید میں بہتری آئی۔
(۴) اساتذہ کرام نے بچوں کو مشق کرانے کے طریقہ کار سیکھے۔
(۵) اساتذہ کرام کا سماع عمدہ ہوا یعنی کامل توجہ سے سننا شروع کیا اور غلطی پر روک ٹوک کرتے ہوئے غنہ اور وقف کی رعایت رکھتے ہوئے بچوں سے قرآن کریم سننے کا طریقہ کار سیکھا۔

ان فوائد اور دیگر بے شمار فوائد کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ درخواست ہے کہ اگر احباب مدارس شعبان ورمضان کی چھٹیوں میں اپنے اپنے مدارس کے قریب کی مساجد میں ناظرہ قرآن کریم پڑھانے والے اساتذہ کرام کے لیے خاص طور پر تجوید کورس کا اہتمام فرمالیں تو ان شاء اللہ زیادہ فوائد حاصل ہوں گے، مدرسہ کے آس پاس کی مساجد اور ناظرہ کے مکاتب معیاری ہوں گے جن پر توجہ کی فی الوقت اشد ضرورت ہے۔ جیسے ماشاء اللہ شعبان رمضان میں صرف ونحو کے دورے ہوتے ہیں، میراث ومنطق کے دورے ہوتے ہیں، اسی طرح اگر ہم فکر رکھیں گے تو جگہ جگہ باقی دوروں کی طرح دورۂ تجوید بھی شروع ہو سکتا ہے اور دورۂ تجوید کی بہت ساری برکات وفوائد ہوں گے ان شاء اللہ۔

(۱) دورۂ تجوید کی برکت سے بچے اور بڑے ترتیل کے ساتھ عمدہ وخوب صورت لہجے میں تلاوت سیکھیں گے۔
(۲) تصحیح قرآن کریم کے حلقے ہر مسجد میں بڑی عمر والوں کے لیے بھی شروع ہو جائیں گے۔ رمضان میں بڑی عمر والوں کے لیے تصحیح قرآن کا حلقہ اپنے محلے کی مساجد میں شروع فرمائیں۔ اس کے لیے مکتب تعلیم القرآن الکریم کے ذمہ داران نصاب ونظام اور طریقہ تدریس کی معاونت کے لیے تیار ہیں۔

امید ہے آپ اپنے مدرسہ، جامعہ میں / آس پاس کی مساجد میں قاعدہ، ناظرہ پڑھانے والے اساتذہ کرام کے لیے شعبان ورمضان ونصف شوال تک خاص طور پر تجوید کورس شروع کروانے کی ترتیب بنالیں اور بڑی عمر کے لوگوں کے لیے اپنے محلے کی مساجد میں تصحیح قرآن کریم کے حلقوں کی ترتیب بنائیں گے۔ جزاکم اللہ خیرا

سلیم اللہ خان

والسلام


برائے رابطہ:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سرحد | 0323-2163507 | بلوچستان | 0335-3222906 | پنجاب | 0300-2298536 |
| لاہور | 0321-4292847 | سندھ | 0331-2061289 | کراچی-۱ | 0333-3204104 |
| | | | | کراچی-۲ | 0331-2061289 |

C-1 کاسموپولیٹن سوسائٹی، بالمقابل سہوانی کلب، گرومندر، کراچی۔ فون: 021-34922336


© rasailojaraid.com